مدیر کے قلم سے



تعارف تبصرہ کتب

کتاب: احسن الجواب مؤلف: مولانا مفتی ذاکرحسن نعمانی

ضخامت: ۲۸۴ قیمت: درج نہیں ناشر: دارالتصنیف جامعہ عثمانیہ پشاور

مولانا مفتی ذاکرحسن نعمانی صاحب کا نام قارئین الحق کے لئے نیا نہیں۔ کیونکہ آپ کے قیمتی مقالات اور مضامین اکثر اوقات ماہنامہ ''الحق'' میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ اور قارئین اس سے استفادہ کرتے ہیں۔ جبکہ ماہنامہ ''العصر'' پشاور کے نائب مدیر بھی ہیں۔ قلیل عرصہ میں آپ کی کئی کتابیں منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوتی ہیں۔

زیرتبصرہ مجموعہ بھی ایک عظیم علمی شاہکار کتاب ہے۔ جس میں مختلف شکوک وشبہات۔ اعتراضات اور سوالات کے عقلی نقلی علمی اور الزامی جوابات دیئے گئے ہیں۔ اس کتاب کے متعلق استاذ محترم حضرت شیخ التفسیر والحدیث مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدنی مدظلہ تحریر فرماتے ہیں۔

یہ مؤقر علمی شاہکار احسن الجواب دین اسلام کے محاسن وحقائق سے ناواقف مسلمانوں اور مغربی تہذیب وتمدن کو شیفتگی کی نگاہوں سے دیکھنے والے گریجویٹ کم فہمی کٹ حجتی کے پیروکار یہود ونصاریٰ اور دشمنان اسلام کے دجالی دام تزدیر میں گرفتار حضرات کے بے سروپا معاندانہ بے بنیاد دلخراش تلبیانہ شبہات واعتراضات کے دانداں شکن جوابات کا گنجینہ ہے اور طلبہ علوم دینیہ کے لئے فن مناظرہ کی ایک وقیع دستاویز ہے۔

مولانا مفتی غلام ارحمان صاحب اس کتاب کے متعلق رقمطراز ہیں:

''اس میں کوئی شک نہیں کہ مسائل پوچھنے اور تحقیق وجستجو سے انسان کی علمی سطح بلند ہوتی ہے اور نئے نئے گوشے کھلتے ہیں جس سے اطمینان کے اسباب پیدا ہوتے ہیں۔ بشرطیکہ سوالات کا بنیادی مقصد معلومات سے آگاہی ہو۔ لیکن دیکھنے میں آیا ہے کہ ہمارے معاشرہ کے عوام کے سوالات عموماً علمی تفوق کے اظہار کا ذریعہ ہوتے ہیں جس سے غلط نظریات کی تشہیر ہوتی ہے۔ یا پھر دوسروں کو خاموش کرنے کی کوشش ہوتی ہے۔ موصوف کے جوابات کے انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض مقامات پر سائلین کا مقصد معلومات کی تلاش نہیں اور نہ کسی بنیادی رکن کے بارے میں اشتباہ کا ازالہ ہے بلکہ سنی سنائی باتوں کا سہارا لے کر خود صغریٰ وکبریٰ ملا کر ایک نتیجہ کی بنیاد پر سوال کرتے ہیں۔ جس کا حقیقت